## پہلی مناجات     بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ     مناجات تائبین

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِلهِي أَلْبَسَتْنِي الْخَطايا ثَوْبَ مَذَلَّتِي وَجَلَّلَنِي التَّباعُدُ مِنْكَ لِباسَ مَسْكَنَتِي وَأَماتَ قَلْبِي عَظِيمُ

اے معبود میرے گناہوں نے مجھے ذلت کا لباس پہنا دیا تجھ سے دوری کے باعث بے چارگی نے مجھے ڈھانپ لیا بڑے بڑے

جِنايَتِي، فَأَحْيِهِ بِتَوْبَةٍ مِنْكَ يا أَمَلِي وَبُغْيَتِي، وَيا سُؤْلِي وَمُنْيَتِي فَوَعِزَّتِكَ ما أَجِدُ لِذُنُوبِي

جرائم نے میرے دل کو مردہ بنادیا پس توفیق توبہ سے اس کو زندہ کردے اے میری امید اے میری طلب اے میری چاہت اے

سِواكَ غافِراً وَلا أَرىٰ لِكَسْرِي غَيْرَكَ جابِراً وَقَدْ خَضَعْتُ بِالْإِنابَةِ إِلَيْكَ، وَعَنَوْتُ

میری آرزو مجھے تیری عزت کی قسم کہ سوائے تیرے میرے گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں اور تیرے سوا کوئی میری کمی پوری کرنے والا

بِالاسْتِكانَةِ لَدَيْكَ، فَإِنْ طَرَدْتَنِي مِنْ بابِكَ فَبِمَنْ أَلُوذُ وَإِنْ رَدَدْتَنِي عَنْ جَنابِكَ فَبِمَنْ أَعُوذُ

نظر نہیں آتا میں تیرے حضور جھک کر توبہ و استغفار کرتا ہوں اور درماندہ ہو کر تیرے سامنے آپڑا ہوں اگر تو مجھے اپنی بارگاہ سے نکال

فَوا أَسَفاهُ مِنْ خَجْلَتِي وَافْتِضاحِي وَوا لَهْفاهُ مِنْ سُوءِ عَمَلِي وَاجْتِراحِي. أَسْأَلُكَ يا غافِرَ

دے تو میں کس کا سہارا لوں گا اور اگر تو نے مجھے اپنے آستانے سے دھتکار دیا تو کس کی پناہ لوں گا پس وائے ہو میری شرمساری و رسوائی پر اور صد افسوس

الذَّنْبِ الْكَبِيرِ، وَيا جابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيرِ، أَنْ تَهَبَ لِي مُوبِقاتِ الْجَرائِرِ، وَتَسْتُرَ عَلَيَّ فاضِحاتِ

میری اس بد عملی اور آلودگی پر، سوال کرتا ہوں تجھ سے اے گناہان کبیرہ کو بخشنے والے اور ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے کہ میرے سخت ترین جرائم کو بخش دے

السَّرائِرِ وَلا تُخْلِنِي فِي مَشْهَدِ الْقِيامَةِ مِنْ بَرْدِ عَفْوِكَ وَغَفْرِكَ، وَلا تُعْرِنِي مِنْ جَمِيلِ صَفْحِكَ

اور رسوا کرنے والے بھیدوں کی پردہ پوشی فرما میدان قیامت میں مجھے اپنی بخشش اور مغفرت سے محروم نہ فرما اور اپنی بہترین پردہ داری

وَسَتْرِكَ. إِلهِي ظَلِّلْ عَلَى ذُنُوبِي غَمامَ رَحْمَتِكَ، وَأَرْسِلْ عَلَى عُيُوبِي سَحابَ رَأْفَتِكَ. إِلهِي

وچشم پوشی سے محروم نہ کر اے معبود میرے گناہوں پر اپنے ابر رحمت کا سایہ ڈال دے اور میرے عیبوں پر اپنی مہربانی کا مینہ برسا دے اے معبود

هَلْ يَرْجِعُ الْعَبْدُ الْآبِقُ إِلَّا إِلى مَوْلاهُ أَمْ هَلْ يُجِيرُهُ مِنْ سَخَطِهِ أَحَدٌ سِواهُ إِلهِي إِنْ كانَ النَّدَمُ

کیا بھاگا ہوا غلام سوائے اپنے آقا کے کسی کے پاس لوٹتا ہے یا یہ کہ آقا کی ناراضی پر سوائے اسکے کوئی اسے پناہ دے سکتا ہے میرے معبود اگر گناہ پر پشیمانی

عَلَى الذَّنْبِ تَوْبَةً فَإِنِّي وَعِزَّتِکَ مِنَ النَّادِمِينَ وَ إِنْ كانَ الاسْتِغْفارُ مِنَ الْخَطِيئَةِ حِطَّةً فَإِنِّي

کا مطلب توبہ ہی ہے تو مجھے تیری عزت کی قسم کہ میں پشیمان ہونے والواں میں ہوں اور اگر خطا کی معافی مانگنے سے خطا معاف ہوجاتی ہے تو بے شک

لَکَ مِنَ الْمُسْتَغْفِرِينَ، لَکَ الْعُتْبَىٰ حَتَّى تَرْضَىٰ . إِلٰهِي بِقُدْرَتِکَ عَلَيَّ تُبْ عَلَيَّ، وَبِحِلْمِکَ

میں تجھ سے معافی مانگنے والوں میں ہوں تیری چوکھٹ پر ہوں حتیٰ کہ تو راضی ہوجائے اے معبود اپنی قدرت سے میری توبہ قبول فرما اور اپنی ملائمت سے

عَنِّي اعْفُ عَنِّي وَبِعِلْمِکَ بِي ارْفَقْ بِي . إِلٰهِي أَنْتَ الَّذِي فَتَحْتَ لِعِبادِکَ بَاباً إِلَى عَفْوِکَ

مجھے معاف فرما اور میرے متعلق اپنے علم سے مجھ پر مہربانی کر اے معبود تو وہ ہے جس نے اپنے بندوں کے لیے عفو و درگذر کا دروازہ کھولا کہ جسے تو نے توبہ

سَمَّيْتَهُ التَّوْبَةَ فَقُلْتَ تُوبُوا إِلَى اللهِ تَوْبَةً نَصُوحاً فَمَا عُذْرُ مَنْ أَغْفَلَ دُخُولَ الْبابِ بَعْدَ فَتْحِهِ

کا نام دیا تو نے ہی فرمایا کہ توبہ کرو خدا کے حضور مؤثر توبہ پس کیا عذر ہے اس کا جو کھلے ہوئے دروازے سے داخل ہونے میں

إِلٰهِي إِنْ كانَ قَبُحَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِکَ فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِکَ . إِلٰهِي مَا أَنَا بِأَوَّلِ مَنْ عَصَاکَ

غفلت کرے اے معبود اگرچہ تیرے بندے سے گناہ ہوجانا بری بات ہے لیکن تیری طرف سے معافی تو اچھی ہے اے معبود میں ہی

فَتُبْتَ عَلَيْهِ وَتَعَرَّضَ لِمَعْرُوفِکَ فَجُدْتَ عَلَيْهِ، يَا مُجِيبَ الْمُضْطَرِّ يَا كَاشِفَ الضُّرِّ يَا عَظِيمَ

وہ پہلا نافرمان کہ جسکی توبہ تو نے قبول کی ہو اور وہ تیرے احسان کا طالب ہوا تو تو نے اس پر عطا کی ہو اے بے قرار کی دعا قبول کرنے والے اے

الْبِرِّ، يَا عَلِيماً بِمَا فِي السِّرِّ، يَا جَمِيلَ السِّتْرِ اسْتَشْفَعْتُ بِجُودِکَ وَكَرَمِکَ إِلَيْکَ

سختی ٹالنے والے اے بہت احسان کرنے والے اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے اے بہتر پردہ پوشی کرنے والے میں تیری جناب میں تیری بخشش و

وَتَوَسَّلْتُ بِجَنابِکَ وَتَرَحُّمِکَ لَدَيْکَ فَاسْتَجِبْ دُعائِي وَلَا تُخَيِّبْ فِيکَ رَجائِي، وَتَقَبَّلْ

احسان کو شفیع بناتا ہوں اور تیرے سامنے تیری ذات اور تیرے رحم کو وسیلہ قرار دیتا ہوں پس میری دعا قبول فرما اور تجھ سے میری جو امید ہے اسے نہ توڑ۔

تَوْبَتِي، وَكَفِّرْ خَطِيئَتِي، بِمَنِّکَ وَرَحْمَتِکَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ .

میری توبہ قبول فرما اور اپنے رحم و کرم سے میری خطائیں معاف کر دیا ے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

urdu.duas.org